# ٹینڈر نوٹس

ضلع پولیس بٹگرام کی مختلف عمارات کی(Special / Petty Repair Work) کے لئے رجسٹرڈ ٹھیکیداروں سے جنہوں نے رواں مالی سال 2025-26 کے لئے ٹھیکیداری لائسنس کی تجدید کروائی ہو سے سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں جو زیر دستخطی کو مورخہ 03.02.2026 تک بذریعہ ڈاک یا دستی مل جانے چاہئیں اور اسی دن 12 بجے ٹھیکیداروں اور ان کے نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائینگے۔ ہر ٹینڈر کے ساتھ 2٪ کال ڈیپازٹ بینک ڈرافٹس کی صورت میں جمع کروایا جائے گا اور حکومت کے تمام ٹیکسز بشمول انکم ٹیکس، جنرل سیلز ٹیکس بمطابق مروجہ قوانین قابل ادائیگی ہونگے۔

سارے پراسیس KPPPRA رولز کے مطابق ہونگے۔

تمام کاموں کے متعلق زیر دستخطی کے دفتر سے جس میں BOQ اور ٹینڈر فارم شامل ہیں مبلغ 2000 روپے فیس (ناقابل واپسی) ادا کرنے پر کسی بھی کام کے دن حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

# قواعد و ضوابط

1 زر بیعانہ ہر سکیم کے لئے KPK شیڈول بینک سے جاری کردہ کال ڈیپازٹ کی شکل میں DPO بٹگرام دستاویزات منسلک کی جائے بولی کے ساتھ 2٪ شرح کے مطابق زر بیعانہ بشکل کال ڈیپازیٹ اصل لف کرنا ضروری ہے۔

2 ایسے ٹھیکیدار جو BOQ سے 10٪ کم نرخ کی پیشکش کرتے ہیں وہ بولی کے 10٪ شرح کے مطابق اضافہ زر بیعانہ منسلک کرے گا۔ بصورت دیگر بولی مسترد سمجھی جائے گی۔ اور جمع شدہ رقم زر بیعانہ ضبط کیا جائے گا۔

3 ٹینڈر دستاویزات جو ہر لحاظ سے مکمل ہونگی وہی قابل غور ہونگی نامکمل دستاویزات قابل قبول نہیں ہونگی۔

4 فوٹو کاپی پاکستان انجنیئرنگ کونسل رجسٹریشن بمعہ تجدید رواں مالی سال 2025-26 کے ساتھ VALID رجسٹریشن کی کاپی اور National Income Certificate کی کاپی بھی منسلک کی جائیگی،

5 وہ تمام ٹھیکیدار جو ٹینڈر فارم کے ساتھ جعلی دستاویزات لف کریں گے اس کا ٹینڈر منسوخ کر کے حسب قواعد قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور حکام بالا کو اسکو بلیک لسٹ کرنے کے لئے کیس بھجوایا جائے گا۔

6 تمام ٹھیکیدار یا فرم آرڈر کے جاری ہونے کے بعد ہفتے کے اندر کام شروع کرنے کا پابند ہو گا بصورت دیگر اسکا زر بیعانہ ضبط کر دیا جائے گا اور کسی بھی ٹینڈر میں حصہ لینے نہیں دیا جائے گا۔

7 اصل بولیاں زیر دستخطی رجسٹر ڈاک مذکورہ بالا بیان کئے گئے وقت سے پہلے ارسال کی جائیں جو ہر صورت حتمی تاریخ اور ٹینڈر کھولنے سے پہلے ہونے چاہئیں۔ ٹینڈر فارم لیٹ پہنچنے کی ذمہ داری دفتر ہذا پر نہ ہو گی۔

8 ٹینڈر دہندہ سسٹم کے مطابق اپنے ریٹس تخمینہ لاگت کے مطابق ABOVE OR BELOW میں دینے کا پابند ہو گا۔

9 بااختیار اتھارٹی ٹھیکے دیے جانے سے قبل کسی بھی وقت منسوخی کی وجوہات بتانے کے بعد ایک یا ساری بولیاں منسوخ کر سکتے ہیں۔

10 دیگر قواعد و ضوابط دفتری اوقات کے دوران حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

مشتہر

(محمد ایاز) پی۔ایس۔پی

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بٹگرام